# سبق 1
# خدا کی شان

| |
|---|
| زمین، آسمان، ملک، دنیا، جہان، بھوک |
| پیاس، آنکھ، ہاتھ، پاؤں، نیند، قبضہ، خدائی |

اے زمین آسمان کے مالک
سار ی دنیا جہان کے مالک
تو ہی سب کا ہے پالنے والا
کام سب کے نکالنے والا
بھوک میں تُو ہمیں کھلاتا ہے
پیاس میں تو ہمیں پلاتا ہے
آنکھ دی تو نے دیکھنے کے لئے
کام کرنے کو ہاتھ پاؤں دیئے
دن بنایا کمائی کرنے کو
رات دی تو نے نیند بھرنے کو

تیرے قبضہ میں سب خدائی ہے
تیرے ہی واسطے بڑائی ہے



(1) پڑھیے اور سمجھیے۔

جہاں = دنیا

قبضہ = اختیار

(2) سوچیے اور بتائیے۔

1۔ دنیا کا مالک کون ہے؟

2۔ خدا نے آنکھ کس لئے دی ہے؟

3۔ خدا نے دن کیوں بنایا؟

4۔ خدا نے رات کیوں بنائی ہے؟

(3) حروف ملا کر لفظ بنائیے

| | |
|---|---|
| م ال ک — مالک | ت ے ر ے — ________ |
| ک ا م — ________ | خ د ا — ________ |
| بھ و ک — ________ | و ا س ط ہ — ________ |
| پ ی ا س — ________ | ب ڑ ا ئ — ________ |

(4) اس نظم کو اپنی کاپی میں لکھیے اور زبانی یاد کیجیے:۔